**وزیر اعظم کو ایرانی صدر کی جانب سے ٹیلی فون کال موصول ہوئی**

جون 22، 2025

وزیر اعظم جناب نریندر مودی کو آج ایران کے صدر عزت مآب جناب مسعود پزشکیان کی جانب سے ٹیلی فون کال موصول ہوئی۔

2. صدر پزشکیان نے وزیر اعظم کو تفصیلات سے آگاہ کیا اور خطے کی موجودہ صورتحال بالخصوص ایران اور اسرائیل کے درمیان جاری تنازعہ پر اپنے نقطہ نظر کے بارے میں بتایا۔

3. وزیر اعظم نے حالیہ کشیدگی پر ہندوستان کی گہری تشویش کا اظہار کیا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ہندوستان امن اور انسانیت کے ساتھ ہے۔ اس تناظر میں، وزیر اعظم نے فوری طور پر کشیدگی میں کمی لانے، مذاکرات اور آگے بڑھنے کے راستے کے طور پر سفارت کاری کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے علاقائی امن، سلامتی اور استحکام کی جلد ازجلد بحالی کے لیے بھارت کی حمایت کا اعادہ کیا۔

4. وزیر اعظم نے ہندوستانی برادری کی بحفاظت وطن واپسی کو لے کر مسلسل تعاون کے لیے صدر پزشکیان کا شکریہ ادا کیا۔ دونوں رہنماؤں نے تجارتی اور اقتصادی تعاون، سائنس اور ٹیکنالوجی اور عوام سے عوام کے مابین تعلقات سمیت مختلف شعبوں میں باہمی تعاون کو مضبوط بنانے کے لیے کوششیں جاری رکھنے کے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا۔

5. دونوں رہنماؤں نے رابطے میں رہنے پر اتفاق کیا۔

**نئی دہلی**
**جون 22، 2025**